# آپ کے حقوق جب آپ پولیس اسٹیشن میں ہوتے ہیں

بچوں اور نوجوانوں کے لیے ایک رہنما کتابچہ

**اس کتابچہ میں آپ کے ضروری حقوق کے بارے میں معلومات ملتی ہیں جب آپ پولیس اسٹیشن میں ہوتے ہیں۔** حقوق سے مراد ایسی آزادی اور تعاون ہیں جو ہم سب کو حاصل ہیں جو قانون کے ذریعے محفوظ ہیں۔ 18 سال کے کم عمر کے بچوں کو بالغین کی بہ نسبت کچھ مختلف حقوق ملتے ہیں، چنانچہ اس کتابچہ میں اس بات کی وضاحت موجود ہے کہ آپ کو کون سے حقوق حاصل ہیں۔

**اپنے حقوق کی معلومات اور آگاہی سے آپ کو یہ جاننے میں مدد ملتی ہے یہ کب آپ کے ساتھ بہتر برتاؤ کیا جا رہا ہے۔** پولیس کا فرض ہے کہ وہ آپ کو نقصان سے بچائے اور جب آپ پولیس اسٹیشن میں ہوں تو آپ کی بہبود کا خیال رکھے، اگرچہ ان کے پاس ایسے شواہد موجود ہوں جن سے یہ پتہ چلتا ہو کہ آپ نے نقصان پہنچانے کے لئے کچھ کیا ہے۔

**برائے مہربانی اس کتابچے کو جلد از جلد پڑھیں۔** جب آپ پولیس اسٹیشن میں ہوتے ہیں اس سے آپ کو فیصلہ سازی میں مدد ملے گی۔ جو شخص آپ کو یہ کتابچہ دے گا وہ اسے پڑھنے اور سمجھنے میں آپ کی مدد کرے گا۔ وہ یہ بھی پوچھیں گے کہ کیا آپ اس کتابچے کا ایک مختلف ورژن چاہتے ہیں جیسے کہ ایک مختلف زبان میں یا ایک ایسا ورژن جو پڑھنے میں آسان ہو۔

Safer Scotland
Scottish Government


STARR

CYCJ
Children and Young People's Centre for Justice



**1. آپ کو یہ جاننے کا حق حاصل ہے کیوں پولیس نے آپ کو پولیس اسٹیشن میں رکھا ہے۔**

**2. آپ کو یہ جاننے کا حق حاصل ہے کیوں پولیس آپ کو پولیس اسٹیشن لائی ہے۔**



3. آپ پولیس کو اپنا نام، پتہ، تاریخ پیدائش اور قومیت کے بارے میں ضرور بتائیں اگر آپ کو ان کا علم ہو۔ صرف ان سوالات کا جواب آپ کو دینا ضروری ہے۔ **دیگر کسی سوال کا جواب نہ دینا آپ کا حق ہے۔**

**4. آپ کو حق ہے آپ کسی کو بھی بتا سکتے ہیں کہ آپ پولیس اسٹیشن میں ہیں۔** پولیس آپ سے پوچھے گی کیا آپ چاہیں گے کہ وہ کسی شخص کو اطلاع دے دیں کہ آپ یہاں موجود ہیں۔ یہ آپ کی فیمیلی کا کوئی ممبر، آپ کا ساتھی، آپ کا خیرخواہ، آپ کا دوست یا کوئی اور بھی ہو سکتا ہے جسے آپ جانتے ہوں۔ شاید آپ کو ان سے بات کرنے کی اجازت نہ ہو۔ اگر آپ کی عمر 16 سال سے کم ہے یا آپ کے پاس لازمی نگرانی کا حکم موجود ہے تو آپ کو حق ہے کہ آپ پولیس اسٹیشن میں کسی کو اپنے ساتھ رکھیں۔ آپ کو حق ہے آپ کے والدین یا سرپرست آپ سے پولیس اسٹیشن میں ملاقات کریں۔



**5. آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کسی وکیل کو یہ بتائیں کہ آپ پولیس اسٹیشن میں ہیں۔** پولیس آپ سے پوچھے گی کیا آپ چاہیں گے کہ وہ کسی وکیل کو اطلاع دے دیں کہ آپ پولیس اسٹیشن میں موجود ہیں۔ یہ آپ کا اپنا وکیل ہو سکتا ہے یا آن کال وکیل آپ کے لئے کسی اور وکیل کا بندوبست کیا جائے گا۔ یہ مفت ہے۔

**6. آپ کو کسی بھی وقت وکیل سے نجی طور پر بات کرنے کا حق حاصل ہے۔** یہ مفت ہے۔

**7. اگر پولیس آپ سے پوچھ تاچھ کرتی ہے تو آپ کو وکیل اپنے ساتھ رکھنے کا حق حاصل ہے۔** یہ مفت ہے۔

**8. اگر آپ کی عمر 16 سال سے کم ہے، تو پولیس کی پوچھ تاچھ کے وقت وکیل کا موجود ہونا ضروری ہے، الا یہ کہ اس سے کسی کو خطرہ لاحق ہو۔** اگر آپ 16 یا 17 سال کے ہیں اور آپ کے پاس لازمی نگرانی کا حکم موجود ہے تو، جب تک کہ کوئی غیر معمولی حالات نہ ہوں، پولیس کی آپ سے پوچھ تاچھ کے وقت ایک وکیل کا موجود ہونا ضروری ہے۔

**9. اگر آپ بیمار یا زخمی ہیں تو آپ کو طبی مدد حاصل کرنے کا حق ہے۔ اس میں آپ کی ذہنی صحت کی مدد بھی شامل ہے۔** پولیس آپ سے آپ کی صحت اور تندرستی کے بارے میں سوالات پوچھے گی تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ پولیس اسٹیشن میں رہتے ہوئے آپ کی مناسب دیکھ بھال کی جا سکے۔ یہ ضروری ہے کہ آپ پولیس کو بتائیں کہ اگر آپ کی کوئی طبی حالت ہے جو آپ پر اثر انداز ہو سکتی ہے جب آپ پولیس سٹیشن میں ہوتے ہیں۔ پولیس نرس یا ڈاکٹر سے آپ کی جانچ کے لئے کہہ سکتی ہے۔ یہ اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کے لئے ہے کہ پولیس اسٹیشن میں رہتے ہوئے آپ کی مناسب دیکھ بھال کی جاتی ہے۔ پولیس کو آپ سے پوچھنا چاہیے کہ کیا آپ کو کسی ڈاکٹر، نرس، یا دیگر صحت سے متعلق پیشہ ور سے بات کرنے کی ضرورت ہے۔

**10. آپ کو کھانے پینے کا حق حاصل ہے۔** آپ کو پانی فراہم کیا جائے گا۔ اگر آپ پولیس اسٹیشن میں چار گھنٹے سے زیادہ سے ہیں تو آپ کو کھانا پیش کیا جائے گا۔ پولیس کو آپ سے پوچھنا چاہئے کہ کیا آپ کو جلد از جلد کسی خاص قسم کی غذائی ضروریات ہیں؟

Safer Scotland
Scottish Government

STARR

CYCJ
Children and Young People's Centre for Justice

# مزید رہنمائی...

**اگر آپ کو مزید مدد کی ضرورت ہے**
جب آپ پولیس اسٹیشن میں ہوتے ہیں تو آپ کو یہ جاننے کے لئے مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے کہ کیا ہو رہا ہے۔ اگر آپ کی عمر 16 سال یا اس سے زیادہ ہے، تو یہ مدد تربیت یافتہ معاون شخص کی طرف سے ہو سکتی ہے جسے مناسب بالغ کہا جاتا ہے۔ اگر آپ کو سیکھنے کی معذوری یا دماغی صحت کا مسئلہ ہے تو اس کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ اگر پولیس کو لگتا ہے کہ آپ کو ایک مناسب بالغ کی مدد کی ضرورت ہے، تو وہ آپ کے لئے انتظام کرے گی، چاہے آپ نہ بھی طلب کریں۔

**آپ کی مدد کے لیے ایک مترجم کا انتظام**
یہ ضروری ہے کہ آپ یہ سمجھ سکیں کہ پولیس اسٹیشن میں کیا کہا جا رہا ہے۔ اگر آپ انگریزی نہیں بولتے ہیں یا نہیں سمجھتے ہیں، تو پولیس آپ کی مدد کے لئے آپ کی زبان بولنے والے کسی فرد کا نظم کرے گی۔ اس شخص کو مترجم کہا جاتا ہے۔ یہ مفت ہے۔

**بات چیت میں مدد کا حصول**
بہت سارے لوگوں کو یہ سمجھنا مشکل ہوتا ہے کہ پولیس اسٹیشن میں کیا ہو رہا ہے۔ پولیس کو آپ سے پوچھنا چاہیے کہ کیا آپ کو مدد کی ضرورت ہے یا کسی چیز کے بارے میں آپ کو یقین نہیں ہے۔ اگر آپ کو ضرورت ہو تو وہ آپ کو پڑھنے میں مدد فراہم کریں۔ اگر آپ بہرے ہیں یا آپ کو واضح طور پر بات چیت کرنے میں دشواری ہو رہی ہے، تو پولیس آپ کی مدد کے لئے کسی کا نظم کرے گی۔ یہ BSL ترجمان یا کوئی اور مناسب پیشہ ور ہو سکتا ہے۔ یہ مفت ہے۔

**اگر آپ برطانوی نہیں ہیں**
اگر آپ برطانوی شہری نہیں ہیں، تو پولیس کو آپ کے ہائی کمیشن، سفارت خانے یا قونصلیٹ سے رابطہ کرنے کا انتظام کرنا ہوگا، تاکہ آپ انہیں بتا سکیں کہ آپ کہاں ہیں اور آپ پولیس اسٹیشن میں کیوں ہیں۔ اس کے بعد کوئی شخص آپ سے ذاتی طور پر مل سکتا ہے اور آپ سے ملنے کے لئے وکیل کا بندوبست کر سکتا ہے۔

**اگر آپ پر فرد جرم عائد کی جاتی ہے یا وارنٹ پر پولیس اسٹیشن میں لایا جاتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟**
اگر آپ پر کسی جرم کا الزام لگایا جاتا ہے، تو آپ کو جانے کی اجازت دی جا سکتی ہے یا آپ کو پولیس اسٹیشن میں رکھا جا سکتا ہے اور اگلے ممکنہ دن عدالت میں لے جایا جا سکتا ہے۔ اگر آپ کو وارنٹ پر پولیس اسٹیشن میں لایا گیا ہے، تو اگلے ممکنہ دن آپ کو گرفتار کر کے عدالت میں لے جایا جا سکتا ہے۔ کچھ حالات میں، آپ کو گھر جانے کی اجازت ہو سکتی ہے۔

**آپ کو کتنی دیر تک تحویل میں رکھا جا سکتا ہے؟**
پولیس آپ پر جرم عائد کئے بغیر آپ کو 12 گھنٹے تک اپنی تحویل میں رکھ سکتی ہے۔ پولیس اس کو زیادہ سے زیادہ 24 گھنٹے تک بڑھا سکتی ہے، لیکن صرف اس صورت میں جب کوئی اعلیٰ پولیس افسر اس سے اتفاق کرے۔ آپ کو اس فیصلے کے بارے میں اپنی بات کہنے کا حق ہے، یا آپ اپنے وکیل کو اپنی طرف سے پولیس سے بات کرنے کے لئے منتخب کر سکتے ہیں۔

**کاغذی کارروائی دیکھنا**
اگر آپ کا مقدمہ عدالت میں جاتا ہے تو آپ کو یا آپ کے وکیل کو کیس میں ثبوت کا ایک نوٹ دیا جائے گا۔ اس سے آپ کو یا آپ کے وکیل کو دفاع کی تیاری میں مدد ملے گی۔ اگر آپ انگریزی نہیں سمجھتے ہیں، تو آپ ان معلومات، یا کم از کم اہم کاغذی کارروائی کے متعلقہ حصوں کا ترجمہ کرانے کا حق ہے۔

# مزید رہنمائی...

**وکیل تک رسائی کے حق سے متعلق معلومات**

- پولیس آپ سے پوچھے گی کہ کیا آپ وکیل سے بات کرنا چاہتے ہیں۔ پولیس جلد از جلد آپ کے وکیل سے رابطہ کرے گی۔
- آپ کو کسی بھی وقت وکیل کے ساتھ نجی گفتگو کرنے کی اجازت ہوگی۔ یہ ٹیلی فون پر ہو سکتا ہے، یا ہو سکتا ہے کہ وہ آکر آپ سے پولیس اسٹیشن میں ملے۔
- وکیل سے بات کرنا عام بات ہے، اور اس کا مطلب یہ نہیں کہ آپ نے کچھ غلط کیا ہے۔
- ایک وکیل کا کام آپ کے حقوق کا تحفظ کرنا اور آپ کو قانون کے بارے میں مشورہ دینا ہے۔
- آپ کسی ایسے وکیل سے بات کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں جسے آپ جانتے ہیں یا کسی ایسے وکیل سے جس سے پولیس آپ سے بات کرنے کا انتظام کر سکتی ہے – اس وکیل کو آن کال وکیل کہا جاتا ہے۔ آن کال وکیل آزاد ہوتا ہے اور پولیس کے لئے کام نہیں کرتا ہے۔
- اگر پولیس آپ سے پوچھ تاچھ کرتی ہے، تو وہ آپ سے پوچھیں گے کہ کیا ایسا ہونے کے وقت آپ کمرے میں اپنے ساتھ وکیل رکھنا چاہتے ہیں۔
- اگر آپ نے وکیل کو اپنے ساتھ کمرے میں رہنے کے لئے کہا ہے تو پولیس کو عام طور پر وکیل کے بغیر آپ سے پوچھ تاچھ کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
- آپ کسی وکیل سے بات کرنے کے بارے میں اپنا خیال بدل سکتے ہیں اور کسی بھی وقت وکیل کے لئے کہہ سکتے ہیں۔ جتنی جلدی ممکن ہو پولیس کو بتائیں اور وہ آپ کے وکیل سے رابطہ کریں گے۔
- اگر وکیل پولیس اسٹیشن میں نہیں آتا جب انہوں نے کہا کہ وہ کریں گے، یا آپ کو وکیل سے دوبارہ بات کرنے کی ضرورت ہے، تو آپ پولیس سے دوبارہ رابطہ کرنے کو کہہ سکتے ہیں۔ پولیس اس بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتی کہ وکیل کے رابطہ کرنے کے بعد وہ کب پولیس اسٹیشن پہونچتے ہیں۔ اگر آپ چاہیں تو پولیس اس وکیل کے ساتھ آپ کے خیالات اور خواہشات شیئر کر سکتی ہے۔.

**آپ کا شکایت کا حق**

- آپ کو پولیس کی طرف سے آپ کے ساتھ برتاؤ کے بارے میں شکایت کرنے کا حق ہے۔
- اگر آپ پولیس اسکاٹ لینڈ کے بارے میں شکایت کرتے ہیں تو اس سے آپ برے نہیں ہو جائیں گے۔
- جب آپ تحویل میں ہوں آپ شکایت کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ تحویل میں ہونے پر شکایت کرنا چاہتے ہیں، تو کسی انسپکٹر یا اعلیٰ عہدے کے کسی فرد سے بات کرنے کو کہیں۔
- اگر آپ رہائی کے بعد شکایت کرنا چاہتے ہیں، تو آپ کسی بھی پولیس اسٹیشن میں جا سکتے ہیں۔
- اگر آپ کی گرفتاری کے دوران یا پولیس تحویل میں کسی پولیس افسر نے آپ کو چوٹ پہونچائی ہے یا زخمی کیا ہے تو آپ کو پولیس اسکاٹ لینڈ پروفیشنل اسٹینڈرڈز ڈیپارٹمنٹ سے شکایت کرنا چاہئے۔
- شکایت درج کرانے کے لئے 101 پر کال کریں، یا مقامی پولیس اسٹیشن جائیں۔
- آپ کسی اور سے بھی آپ کی طرف سے شکایت درج کرانے کے لئے کہہ سکتے ہیں۔ یہ والدین، دوست، ساتھی یا کوئی ایسا شخص ہو سکتا ہے جس پر آپ کو اعتماد ہو۔ آپ کو انہیں تحریری اجازت دینی ہوگی۔

یہ کتابچہ STARR کے اراکین کی طرف سے مشترکہ طور پر تیار کیا گیا ہے، جو اسکاٹ لینڈ کی محفوظ دیکھ بھال کا تجربہ رکھنے والے لوگوں کے لیے واحد کیوریٹ شدہ جگہ ہے، چلڈرن اینڈ ینگ پیپلز سینٹر فار جسٹس (CYCJ) اور اسکاٹش حکومت کے ساتھ شراکت میں۔ 'آپ کا شکایت کا حق' People First Scotland سے ماخوذ ہے۔

مزید معلومات اور تعاون کے لئے **justtherightspace.org** ملاحظہ کریں۔

© Crown copyright 2023

Safer Scotland Scottish Government

STARR

CYCJ Children and Young People's Centre for Justice